**15/06/2025**

**09.25 AM**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ محمد عظم سے خبریں سُنئے**

**کرشیLG**

**جموں کشمیر میں29مئی کو شروع ہوا 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کل اختتام پذیر ہوا ۔ اس ضمن میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے اہتمام سے کھڈونی میں منعقدہ اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ انتظامیہ جموں کشمیرکے کسانوں کوبا اختیار بنانے کےلئے پر عزم ہے تاکہ وہ2047تک وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا رول ادا کرسکیں۔**

**تعیناتی لیٹر**

**بعد میں ایل جی نے ہاپت ناڈ اننت ناگ جا کر مرحوم سید عادل حسین کی اہلیہ کو تعیناتی لیٹر سونپ دیا۔ واضح رہے کہ سید عادل پہلگام حملے میں سیاحوں کو بچاتے ہوئے جاں بحق ہوئے تھے۔**

**دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر نے پہلگام میں یاترا کے ننون بنیادی کیمپ کا دورہ کرکے۔3جولائی سے شروع ہونے والے سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔**

**اس موقعے پر ایل جی نے کہا کہ جمونوکشمیر کے 16 سیاحتی مقامات جنہیں احتیاطی طور بند کیا گیا تھا۔17جون سے پھر سے سیاحوں کےلئے کھولے جا رہے ہیں۔**

**سنجے جاجو**

**اطلاعات و نشریات وزارت کے سیکریٹری سنجے جاجو نے لوگوں تک جانکاری اور تفریحی پروگرام پہنچانے کےلئے نئے نئے پلیٹ فارموں کو بروئے کار لانے کی ضرورت کو اُجاگر کیا**

ہے۔آکاشوانی سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوننے خبروں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے پر بھی زور دیا۔

انہوں نے آکاشوانی سرینگر میں نیوز روم، سٹیڈیوز اور دیگر سیکشنوں کے کام کاج پر اطمینان کا اظہار کیا۔ سنجے جاجو نے آکاشوانی سرینگر کے کام کاج کو مزید بہتر بنانے کےلئے وزارت کے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

اس سے پہلے سیکریٹری موصوف نے دوردرشن کیندر سرینگر میں ایک خصوصی میٹنگ کے دوران دوردرشن اور دیگر میڈیا یونٹوں کی کارگذاری کا بھی جائزہ لیا۔

بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کے ساتھ بات کر تے ہوئے سنجے جاجو نے کہا۔

ہیلپ لائن

ایران اور اسرائیل کے درمیان میزائل بمباری کا سلسلہ جاری ہے جسے خطے میں صورتحال مزید کشیدہ ہو تی جا رہی ہے۔

پی ڈی پی لیڈر التجا مفتی نے اطلاع دی کہ ایران میں درماندہ کشمیری طالب علم بھارتی سفارت خانے کے ساتھ فون نمبرات

**989128109115**

اور

**989128109109**

پر وٹس اپ مسیج یا کال کر سکتے ہیں۔

شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے وزارت خارجہ سے اپیل کی ہے کہ وہ ایران میں موجود کشمیری طالب علموں کی محفوظ وطن واپسی یقینی بنائے۔ ایک پریس بیان میں انہوں نے خطے میں ابتر سلامتی صورتحال کے پیش نظر اس ضمن میں موثر اقدامات اُٹھانے کےلئے کہا ہے۔

بزرگ دن

آج بزرگوں کو حراساں کئے جانے کے خلاف جانکاری عام کرنے کا عالمی دن ہے۔ اس دن کے حوالے سے کئی پروگرام منعقد کئے جا ر ہے ہیں۔

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ میں جل شکتی محکمہ کی طرف سے اٹھائے گئے اُن اقدامات کا جائزہ لیا، جس کا مقصد یوٹی میں ہر کھیت کےلئے جامع آبپاشی کوریج کو یقینی بنانا اور سیلاب کے خطرات پر قابو پانے کے نظام کو مضبوط بنا نا ہے۔ انہوننے اس ضمن میں محکمہ جل شکتی، محکمہ زراعت اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان احسن تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ چیف سیکریٹری نے توی ریور فرنٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

DCسرینگر

انٹر Potential ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل کشمیر ہاٹ میں پرنیورشپ میلے کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے انٹر پرنیور شپ کوفروغ دینے اور خواہشمند نوجوانوں کے لئے قابل رسائی تعاون کو یقینی بنانے کے انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کیا۔

پولیس

این ڈی پی PITہندوارہ میں پولیس نے پنڈت پورہ کرالہ گنڈ کے فیروز خان نامی ڈرگ سمگلر کو ایس ایکٹ کے تحت گرفتار کیا ہے۔

ڈیجیٹل سیفٹی کو فروغ دینے کی کوشش کے تحت پولیس نے کل سوپور کے ایک نجی سکول کے اشتراک سے سائبر خطرات سے متعلق جانکاری پروگرام منعقد کیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پراردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

………………………………….

…………………